© rasailojaraid.com



# گلدستۂ اخبار

— مرزا محمود احمد صاحب خلیفہ قادیان کے حرم ثالث میں لڑکا تولد ہوا ہے۔

— شوکت علی صاحب (برادر ذوالفقار علی احمدی) نے حال ہی میں ایک نومسلم انگریز خاتون سے نکاح کیا ہے۔

— دہلی۔ کانگریس کے ارکان و صدر (مالوی جی) گرفتار کرلئے گئے۔ مسٹر نیڈو کو بھی گرفتار کرکے ایکسال کی محض قید کی سزا دیگئی۔

— دہلی۔ باوجود ممانعت کے کانگریس کا اجلاس ہوا جو صرف دس منٹ میں ختم ہوگیا ڈلیگیٹ گرفتار کرلئے گئے۔

— کرنل گریفتھ کو صوبہ سرحد کا گورنر مقرر کرتے وقت والسرائے ہند نے صوبہ ہذا کے ۱۳۹ قیدیوں کی رہائی کا حکم دیا ہے۔

— لاہور۔ وٹرنری کالج بدستور جاری رہیگا اس کے بند ہونے کی خبر غلط ہے۔

— پوسٹماسٹر بنگال و آسام نے اعلان کیا ہے کہ شرارت پسند جو راستوں کے لیٹر بکسوں سے چٹھیاں تلف کردیتے ہیں جبتک انکا انسداد نہیں ہوتا تمام چٹھیاں ڈاکخانوں کے لیٹر بکسوں میں ڈالی جایا کریں۔

— گورنمنٹ آف انڈیا کے پاس اسوقت بمعاوضہ کرنسی نوٹوں کے ۱۲ کروڑ ۳۳ لاکھ ۲۹ ہزار روپیہ ہے۔

— دمشق۔ کوہ سانجہ سے پتھر کاٹے جارہے تھے کہ وہاں سے ایک نہر پھوٹ پڑی۔

— حاجیوں کا جہاز "اکبر" ۱۵ سو حجاج کو لیکر ۲۴۔ اپریل کو جدہ سے روانہ ہوچکا ہے جو ۲-۳ مئی کو کراچی پہنچ جائیگا۔

— بمبئی کے ایک کروڑپتی تاجر نے تین کروڑ روپیہ پبلک ادارات و مصیبت زدگان کے لئے وقف کیا ہے۔

© rasailojaraid.com